يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا

اے ایمان والو!

اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کیا کرو

اَذکارِ فتحیّہ

فرمُودَہ

اُسوَۃُ الصُّلحاء شیخ القرّاء

حضرت مولانا قاری فتح محمّد صاحب مدّظلّہٗ

شوال ۱۳۹۴ھ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اوقاتِ ذکر مندرجہ ذیل تیرہ تسبیحات کے لئے ذیل کے تین وقتوں میں سے جس وقت میں آسانی نظر آئے وہی وقت مقرر کرلیں اور اُسی وقت پڑھ لیا کریں۔ ① مغرب اور عشاء کے درمیان ② عشاء کی نماز کے فوراً بعد ③ تہجّد کے نوافل کے بعد۔

زیادہ مفید تو یہی ہے کہ یہ تسبیحات ایک جگہ بیٹھ کر پڑھی جائیں۔ لیکن اگر پڑھتے پڑھتے نیند آنے لگے تو اُسے دُور کرنے کے لئے کھڑے ہو کر پڑھ لینے میں بھی کچھ حرج نہیں ہے۔ اور اگر کسی مجبوری کے سبب ایک جگہ بیٹھ کر نہ پڑھ سکیں تو پھر چلتے پھرتے ہوئے پڑھ لیں۔ اور جہاں تک ہو سکے ناغہ نہ ہونے دیں۔

احتیاط ایسی جگہ بیٹھ کر پڑھیں جہاں کسی کی نماز یا تلاوت میں حرج نہ ہو۔ اگر لوگ نماز پڑھ رہے ہوں تو اُن کے فارغ ہونے تک اِن تسبیحات کو آہستہ آہستہ پڑھیں۔ پھر ذرا آواز سے پڑھنا شروع کردیں۔

ضرب اِلَّا اللّٰہ یہ بھی خیال رکھیں کہ اِلَّا اللّٰہُ کہتے وقت دل پر چوٹ لگائیں تاکہ اُس میں نرمی پیدا ہو اور دل ذکر کی طرف مائل ہو جائے۔

لیکن اگر زور سے پڑھنے میں کسی بیماری کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو تو پھر اِلَّا اللّٰہُ میں سختی نہ کریں۔ (چونکہ بعض لوگ کمزور دِل والے ہوتے ہیں اس لئے اُن کی رعایت کرتے ہوئے یہ بات لکھ دی گئی ہے)۔

توجّہ جہاں تک ہو سکے اِن تسبیحات کو پوری توجہ سے پڑھیں۔ اس لئے کہ توجہ کے بغیر پڑھنے سے ذکر کا اثر دِل

کے اندر نہیں پہنچتا بلکہ اُوپر ہی اُوپر رہتا ہے۔

زیادہ دِل لگانے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ مکتبۂ کریمیّہ بیرونِ حرم دروازہ ملتان سے "یادِ خدا" نام والا رسالہ منگوالیں اور اس کے اشعار بھی کبھی کبھی پڑھتے رہیں۔

گیارہ ۱۱ مرتبہ دُرود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

گیارہ مرتبہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ ط

دو تسبیحیں دُرود اور استغفارِ مذکور کے بعد دو تسبیحیں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط کی پڑھیں۔ اور اس میں لَآ اِلٰهَ کہتے ہوئے یہ سوچیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا تمام چیزوں کو دِل سے نکال کر پیٹھ کے پیچھے ڈال دیا۔ اور اِلَّا اللّٰهُ کہتے ہوئے خیال کریں کہ اللہ کا عشق دل میں بسا لیا اور ہر دسویں بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بھی کہتے رہیں۔

اور اِن دونوں تسبیحوں کے درمیان کبھی کبھی یہ جملے بھی کہتے رہیں:-

لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ ط۔ لَا مَسْجُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ ط۔ لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ ط۔ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ ط۔

جب اس طرح یہ دو تسبیحیں پوری ہو جائیں تو تین بار کلمۂ توحید لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پڑھیں اور ایک بار کلمۂ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پڑھیں۔

سوچیں پھر تھوڑی دیر خاموش بیٹھ کر یہ سوچیں کہ اللہ تعالیٰ کے عرش پر نور کی بارش ہو رہی ہے اور اس نُور کا تانتا یہاں تک بندھا ہوا ہے اور کچھ نور میرے سینے میں بھی آرہا ہے۔

چار تسبیحیں پھر چار تسبیحیں اِلَّا اللّٰهُ کی پڑھیں اور کبھی کبھی لَا مَعْبُوْدَ والے چاروں جملے بھی کہتے رہیں۔

پھر اِن چاروں تسبیحوں کے آخر میں تین مرتبہ کلمۂ توحید اور ایک مرتبہ کلمۂ شہادت پڑھیں۔ اور پھر وہی بات سوچیں جو پہلی دو تسبیحوں کے بعد خاموش بیٹھ کر سوچی تھی۔

چھ تسبیحیں پھر اَللّٰهُ اَللّٰهُ کی چھ تسبیحات پڑھیں۔ آدھی

تسبیح پر پہنچ کر تین مرتبہ یہ الفاظ پڑھیں۔ اَللّٰہُ حَاضِرِیْ۔ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ ۔ اَللّٰہُ مَعِیْ ۔ پھر ان چھ تسبیحات کے آخر میں بھی پہلے کی طرح تین مرتبہ کلمۂ توحید اور ایک مرتبہ کلمۂ شہادت پڑھیں اور پھر خاموش بیٹھ کر وہی بات سوچیں جو اس سے پہلے کی تسبیحات کے بعد سوچتے رہے ہیں۔

پھر اَللّٰہُ کی ایک تسبیح پڑھیں اور درمیان میں آدھی تسبیح پر اَللّٰہُ حَاضِرِیْ والے تینوں جملے پڑھیں۔

پھر آخر میں تین مرتبہ کلمۂ توحید اور ایک مرتبہ کلمۂ شہادت پڑھنے کے بعد خاموش بیٹھ کر وہی بات سوچیں جو اس سے پہلے سوچتے رہے ہیں۔ پھر گیارہ بار دُرود شریف اور گیارہ بار استغفار پڑھیں۔ پھر ہاتھ اُٹھا کر ایک بار یا تین بار دُرود شریف پڑھیں۔

آخر میں یہ دُعا پڑھیں | اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِکَ ۔ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ ۔ یَا اَللّٰہُ ۔ یَا اَللّٰہُ ۔

دُعا

آخر میں دُعا ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ مجھے اور میرے تمام عزیزوں اور پورے عالم کے تمام مسلمانوں کو اپنے ذکرِ حقیقی اور اُس کے اَنوار سے مالا مال کریں اور سب محبتوں سے زیادہ اپنی محبّت اور سب ڈروں سے زیادہ اپنا ڈر اور صحیح اور حقیقی معنٰی میں دُنیا کی فکر سے کروڑ درجہ زیادہ آخرت کی فکر نصیب فرمائیں۔ آمین یا ربَّ العالمین۔ بجاہِ سید المرسلین۔ صلی اللّٰہ علیہ وسلم۔